PR NO24

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

وفاقی محتسب کی مصالحتی کوششوں کے نتیجے میں 100 مزدوروں کو پانچ ماہ کی تنخواہ مل گئی

اسلام آباد(   )وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی مصالحتی کوششوں کے نتیجے میں ملتان الیکٹرک سپلائی کمپنی (میپکو) میں روزانہ کی بنیاد پر کام کرنے والے 100 سے زائد مزدوروں کو ٹھیکیدار نے پانچ ماہ کی تنخواہ ادا کر دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق محمد ذیشان نامی ایک مزدور نے اپنے 33 دیگر ساتھی مزدوروں کے ہمراہ وفاقی محتسب کے علاقائی دفتر ملتان میں درخواست دی کہ ''علی اعظم انٹر پرائز'' نامی کمپنی کا ایک ٹھیکیداران سے پانچ ماہ سے کام کروا رہا ہے لیکن انہیں اس دوران تنخواہ نہیں دی گئی جس کی وجہ سے وہ کسمپرسی کی زندگی گزار رہے ہیں۔ وفاقی محتسب کے علاقائی دفتر ملتان کے سینئر انوسٹی گیشن افسر محمد زاہد نے تنازعات کو حل کرنے کے غیر رسمی پروگرام آئی آر ڈی کے تحت فریقین کو اپنے دفتر طلب کر کے معاملے کی چھان بین کی تو مذکورہ ٹھیکیدار نے 26 جون 2023ء تک ڈیرہ غازی خان، کوٹ چھٹہ اور راجن پور کے تمام مزدوروں کو ادائیگی کرنے کی یقین دہانی کرائی چنانچہ عیدالاضحیٰ سے دو دن قبل ٹھیکیدار نے 100 سے زائد مزدوروں کو ان کی پانچ ماہ کی تنخواہ تقریباً پچاس لاکھ روپے ادا کر دی، جس پر ان غریب مزدوروں نے افہام و تفہیم اور بات چیت سے ان کا مسئلہ حل کروانے پر وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا ہے۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

07 جولائی 2023ء